ضخامت ۲۰۴ صفحات کتابت طباعت متوسط کاغذ عمدہ قیمت مجلد ۱۲؍ ، غیر مجلد ۱۰؍ پتہ درج نہیں غالباً مصنف سے ملیگی۔

اس کتاب کا مقصد یہ دکھانا ہے کہ اگرچہ سلطنت نبوت کے لئے لازم نہیں ہے تاہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے پہلے جو انبیا تشریف لائے ان میں ایسے پیغمبر بھی تھے جو نبوت کے ساتھ سلطنت کے فرائض بھی انجام دیتے تھے۔ پھر سب کے آخر میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم تشریف لائے تو آپ میں بھی یہ دونوں حیثیتیں جمع تھیں۔ لائق مصنف نے اس کتاب میں حضور سرورِ کائناتؐ کی اس دوسری حیثیت کو بھی نمایاں کرنے کی کوشش کی ہے، چنانچہ اسمیں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا طرزِ حکومت، عدالت، لشکر، طریق جنگ ٹیکس، حدود اور سزائیں، عطیات اور وظائف، اسلحہ اور گھوڑے۔ اوزان پیمانے اور سکے، اوقاف، شفاخانہ، صنعت وحرفت وغیرہ ان تمام امور کا بیان کیا گیا ہے۔ زبان اور بیان سہل ہے۔ واقعات مستند ہیں۔ اس کا مطالعہ بے شبہ مفید ہوگا۔ لیکن لائق مصنف نے متعدد مقامات پر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی زندگی کو "شاہانہ زندگی" لکھا ہے۔ ہمارے نزدیک آپ کی سیاسی حیثیت کو اس لفظ سے تعبیر کرنا صحیح نہیں ہے۔ پھر انبیاءِ کرام کے صرف نام لکھنا اور حضرت نہ لکھنا بھی دل کو کھٹکتا ہے"۔

قرآن کا فلسفۂ مذہب | از ڈاکٹر میر ولی الدین صاحب جامعہ عثمانیہ حیدرآباد دکن سائز کلاں ضخامت ۳۲ صفحات کاغذ اور طباعت بہتر قیمت درج نہیں غالباً جناب مصنف سے ملیگا۔

ڈاکٹر صاحب نے اس عنوان سے ایک توسیعی لکچر جامعہ عثمانیہ میں پڑھا تھا۔ اس کے بعد یہ معارف اعظم گڈھ میں شائع ہوا۔ اور اب کتابی صورت میں افادۂ عام کی غرض سے چھاپا گیا ہے۔ اس مقالہ میں فاضل مصنف نے بڑی خوبی اور کامیابی کے ساتھ یہ بتایا ہے کہ مذہب کی تعریف کیا ہے؟ اور اس کی ماہیت کا تعین کیونکر ہو سکتا ہے؟ مذہب کے اعمال وافعال کس حکمت پر مبنی ہیں؟ ان کی نفسیات کو کس طرح ظاہر کیا جا سکتا ہے؟ پھر ان کو زمانۂ جدید کے ذہنوں کے لئے کس طرح لائق پذیرائی بنایا جا سکتا ہے؟